**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36۔کے‘ ماڈل ٹائون لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org**

13فروری2026ء

# پریس ریلیز

## ایپسٹین فائلز نے مغرب کا حقیقی شیطانی چہرہ ایک مرتبہ پھر بے نقاب کر دیا ہے جس سے تمام سیکولر، لبرل حلقوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ سندھ اسمبلی میں ایک اقلیتی رکن کے شراب کی خرید وفروخت پر پابندی لگانے کے مطالبہ کو مسلم اراکین کا رد کر دینا انتہائی شرم ناک ہے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** ایپسٹین فائلز نے مغرب کا حقیقی شیطانی چہرہ ایک مرتبہ پھر بے نقاب کر دیا ہے جس سے تمام سیکولر، لبرل حلقوں کی آنکھیں کُھل جانی چاہئیں۔ سندھ اسمبلی میں ایک اقلیتی رکن کے شراب کی خرید وفروخت پر پابندی لگانے کے مطالبہ کو مسلم اراکین کا رد کر دینا انتہائی شرم ناک ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے **امیر شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔اُنہوں نے کہا کہ جیفری ایپسٹین کی افشا شدہ فائلوں نے مغرب کے اعلیٰ اخلاقی اقدار کے بلند و بالا دعوؤں کے دجل کا پردہ چاک کر کے اُن کا اصل ابلیسی چہرہ بے نقاب کر دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایپسٹین فائلز چند افراد کی جنسی گراوٹ تک محدود نہیں بلکہ عالمی اشرافیہ کے اخلاقی، فکری اور تہذیبی زوال کی زندہ گواہی ہیں۔اِن فائلز نے مغرب، جو خود کو انسانی حقوق کا علمبردار قرار دیتا ہے، کے عمل کا پردہ چاک کر دیا ہے اور یہ حقیقت سب پر آشکار ہوگئی ہے کہ عملی طور پر وہ انسانیت کے بدترین استحصال میں ملوث ہے۔ایپسٹین کا نیٹ ورک دراصل اشرافیہ کے اُس گٹھ جوڑ کی علامت تھا جس میں کمزور اور بے بس انسان خصوصاً انتہائی کم عمر بچیاں اِس شیطانی تہذیب کے لیے صرف تجارت اور استعمال کی اشیاء ہیں۔ یہ اللہ رب العزت کی شان ہے کہ اُس نے رمضان المبارک سے قبل ہی جہاں دنیا بھر کے ''ایپسٹینوں'' کے لیے ایک وارننگ جاری کی ہے، وہیں اُمتِ مسلمہ کے ہر خاص وعام کو صہیونیوں کی عالمی ڈیپ سٹیٹ کے ابلیسی اور دجالی ایجنڈا سے بھی خبر دار کر دیا ہے۔اِن فائلز میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کو قائم کرنے والی تناظیم کو اپنے باطل نظام کے لیے سب سے بڑا خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسلامی نظام انسانی جان ومال اور عزت وآبرو کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے، لہٰذا وحی کے ذریعے دیئے گئے نظام سے ہی یہ تحفظ ممکن ہے۔یہی الہامی نظام جب قائم ونافذ ہوگا تو باطل قوتوں کے ابلیسی مقاصد پر تیشہ بن کر گرے گا۔

لاہور میں خواتین کی ایک معروف یونیورسٹی کی پرنسپل کا ایک تقریب میں کم بچے پیدا کرنے کا درس دینے پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ کیا ایپسٹین فائلز میں موجود تفصیلات کا عام ہو جانا پاکستان میں لبرل وسیکولر حلقوں کی آنکھیں کھولنے کے لیے کافی نہیں؟

سندھ اسمبلی کے ایک ہندو رکن کی جانب سے مملکتِ خداداد پاکستان میں شراب کی خرید وفروخت پر پابندی کے مطالبہ کو مسلم اراکین کے رد کر دینے پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ اِس ذِلت آمیز واقعہ پر مسلمانانِ پاکستان کے سر شرم سے جھک گئے ہیں۔ کیا سندھ اسمبلی کے مسلم اراکین کو معلوم نہیں کہ قرآن وسنت کی رُو سے شراب حرامِ قطعی ہے، جس کی خرید وفروخت پر پابندی لگانا پاکستان کی وفاقی اور صوبائی پارلیمان کا فرض ہے۔

آخر میں امیر تنظیم اسلامی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں رمضان المبارک میں دن کے روزے اور قرآن پاک کے ساتھ رات کے قیام کے ذریعے اس ماہِ مبارک کے فیوض وبرکات سے بھرپور استفادہ کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**

**رضاء الحق**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: February 13th, 2026**

## The Epstein files have once again exposed the true satanic face of the West, which should open the eyes of all secular and liberal circles.

## The rejection by Muslim members in the Sindh Assembly of a minority member's demand to ban the sale and purchase of alcohol is extremely shameful.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the disclosed files of Jeffrey Epstein have torn apart the deception behind the West's lofty claims of high moral values and exposed its true satanic face. In reality, the Epstein files are not limited to the sexual depravity of a few individuals; rather, they stand as living testimony to the moral, intellectual, and civilizational decay of the global elite. These files have laid bare the conduct of the West, which presents itself as a champion of human rights, and have made it evident that in practice it is involved in the worst forms of exploitation of humanity. Epstein's network was in fact a symbol of that elite nexus in which weak and helpless human beings – particularly very young girls – are treated merely as commodities for trade and use within this satanic civilization. It is from the Majesty of Allah Almighty that even before the blessed month of Ramadan, a warning has been issued to all the 'Epsteins' of the world, while at the same time every member of the Muslim Ummah has been alerted to the satanic and deceptive agenda of the Zionist global deep state. These files have described organizations striving to establish the Islamic system of collective justice as the greatest threat to their false system. The reality is that the Islamic system guarantees the protection of human life, wealth, honor, and dignity. Therefore, such protection is only possible through the divinely revealed system. When this revealed system is established and implemented, it will fall like an axe upon the satanic objectives of false powers.

Commenting on a recent event in Lahore in which the principal of a well-known women's university advised at a ceremony that fewer children should be born, he asked whether the public disclosure of the details contained in the Epstein files is not sufficient to open the eyes of liberal and secular circles in Pakistan.

Referring to the rejection by Muslim members of the Sindh Assembly of a Hindu member's demand to impose a ban on the sale and purchase of alcohol in the God-gifted state of Pakistan, he said that this humiliating incident has caused the heads of Muslims in Pakistan to bow in shame. Are the Muslim members of the Sindh Assembly unaware that, according to the Qur'an and Sunnah, alcohol is categorically forbidden, and that imposing a ban on its sale and purchase is the duty of both the federal and provincial parliaments of Pakistan?

In conclusion, the Ameer of Tanzeem-e-Islami prayed that Allah Almighty grant us the ability during the blessed month of Ramadan to fully benefit from its blessings through fasting during the day and standing in prayer at night with the Holy Qur'an. Ameen!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**